THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی..... میر خلیل الرحمن

جلد 46 | منگل 9 جمادی الاوّل 1446ھ 12 نومبر 2024ء 29 کاتک 2081ب | شمارہ 31

# پنجاب: معذور افراد کے حقوق کا تحفظ قانون توڑنے پر 5 لاکھ تک جرمانہ

## قانون کے نفاذ، عملدرآمد کیلئے انفورسمنٹ انسپکٹرز کی 2023ء سے رکی تقرریوں کے احکامات جاری

### معذور افراد کے حقوق نظرانداز ہوتے رہے، سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال کی ''جنگ'' سے گفتگو

لاہور (آصف محمود بٹ) پنجاب حکومت نے پہلی مرتبہ معذور افراد کے حقوق کے حوالے سے قانون کے نفاذ اور عملدرآمد کے لئے صوبے بھر میں انفورسمنٹ انسپکٹرز کی تقرریوں کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ ''جنگ'' کو ملنے والی

صفحہ 4 بقیہ نمبر 12

| بقیہ | 5 لاکھ جرمانہ | 12 |
|---|---|---|

دستاویزات کے مطابق 19 دسمبر 2022 کو معذوروں کے حقوق کے تحفظ کے لئے بنائے گئے Punjab Empowerment of Persons with Disabilities Act, 2022 کے سیکشن 19 کے تحت ایک کونسل بھی تشکیل دی گئی۔ 28 رکنی اس Council on Rights of Persons with Disabilities (CRPD) کا سربراہ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال کو بنایا گیا، قوانین پر عملدرآمد کے لئے سیکشن 20(3) اور (4) انسپکٹرز کی تقرریاں کرنا بھی لازم تھا لیکن 2023 میں کونسل کے قیام کے بعد یہ تقرریاں نہ کی گئیں تھیں۔ صوبائی وزیر بیت المال سہیل شوکت بٹ کی زیر صدارت سی آر پی ڈی 31 اکتوبر 2024 کو ہونے والے اجلاس میں انسپکٹرز کی فوری تقرریوں کی منظوری دی گئی، کونسل میں یہ فیصلہ کیا گیا تحصیل سطح پر کام کرنے والے کچھ سپروائزرز کو انسپکٹر کے طور پر تعینات کیا جائے گا۔ محکمہ سوشل ویلفیئر کے ڈائریکٹر جنرل کی سربراہی میں الگ کمیٹی بھی بنا دی گئی جو چالانوں پر جرمانوں کے حوالے سے حتمی فیصلے کرے گی۔ محکمہ سوشل ویلفیئر کے انسپکٹر کو قانون کی خلاف ورزی پر 1 لاکھ سے 5 لاکھ تک جرمانہ کرنے کا اختیار ہوگا، حتمی رقم کا فیصلہ ڈی جی سوشل ویلفیئر کی سربراہی میں بننے والی کمیٹی کرے گی، انسپکٹرز یقینی بنائیں گے کہ صوبے کے تمام سرکاری و غیر سرکاری دفاتر ملازمتوں کے کوٹے پر تعمیل، اور معذور افراد کی بحالی کے فنڈ میں مالی تعاون کے قانون کی میں متعین کردہ دفعات پر عمل پیرا ہوں۔ انسپکٹرز عمارتوں میں معذور افراد کی رسائی اور نقل و حرکت کو بھی یقینی بنائیں گے۔ ''جنگ'' کے رابطہ کرنے پر سیکرٹری سوشل ویلفیئر و بیت المال جاوید اختر محمود نے بتایا کہ انفورسمنٹ انسپکٹرز کی تقرریاں کر دی گئی ہیں، اس قانون پر عملدرآمد کے لئے اس سے قبل کوشش نہیں ہو سکیں، معذور افراد کے حقوق کئی بار نظرانداز ہوتے رہے، قانون پر عملدرآمد سے یہ معاشرہ یکسر بدل جائیگا۔

12/11/24

Addl: A.D (Pub)

12/11/24

DD (P&PR)

12/11/24

Director (Prog) on leave

PA to DG

DGSW

13.11.2024

Dir (Prog)

Khalid
12/11/24
Asstt:
A.D (Pub)
12/11/24
DD (P&PR)
12/11/24
Director (Prog)
PA to DG

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE
روزنامہ
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور
جلد 13 | منگل 9 جمادی الاوّل 1446ھ، 12 نومبر 2024ء، 29 اتک 2079ب | شمارہ 57 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

## پنجاب دھی رانی پروگرام سرگودھا ڈویژن میں 602 جوڑوں کی درخواستیں موصول

سرگودھا (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ کے پنجاب دھی رانی پروگرام میں سرگودھا ڈویژن میں اب تک 602 جوڑوں کی جانب سے درخواستیں موصول، جن میں سرگودھا سے 197، خوشاب سے 121، میانوالی سے 132 اور بھکر سے 152 جوڑوں نے درخواستیں جمع کروائی گئیں، درخواستوں کی جانچ پڑتال کیلئے تحصیل سطح پر کمیٹیاں بھی تشکیل دی گئی ہیں۔ ہر جوڑے کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے مجموعی طور پر دو لاکھ 6 ہزار روپے کا جہیز کا سامان جس میں ایک لاکھ روپے کیش بطور سلامی دی جائے گی۔